سوال

(213) بے پردگی کے مقام پر عورت کا نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اسلام میں عورت کےلیے اجنبی مردوں سے پردہ لازمی قرار دیا گیا ہے، اس ضمن میں عرض ہے کہ اُن مقامات پر جہاں خواتین کےلیے پردے کا بندوبست نہ ہو، مثلاً: دورانِ سفر (سڑک) یا پارک وغیرہ اور بالخصوص گورنمنٹ کے ہسپتال میں جہاں عام وارڈز اور لان وغیرہ میں خواتین کےلیے نماز ادا کرنے کےلیے پردے والی جگہ نہ ہو۔ تو کیا بوقتِ نماز عورت کھلے میدان یا ہسپتال کے اس حصے میں نماز ادا کر سکتی ہے جہاں مرد حضرات کا زیادہ گزر ہو؟ اگر عورت بے پردگی کی وجہ سے نمازِ قضاء کرلے اور بعد میں کسی پردے والی جگہ میں نماز ادا کرے تو کیا یہ درست ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

پردے کے ساتھ عورت جہاں بھی نماز ادا کرے بامرِ مجبوری ہوجائے گی۔ (ان شاء اللہ)

حتی المقدور کوشش کرنی چاہیے کہ نمازِ قضاء کی بجائے ادا ہی ہو: لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَھَا (البقرۃ:۲۸۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب المساجد: صفحہ: 201

محدث فتویٰ